## ایم کیوایم اصول پسند جماعت ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## رنچھوڑ لائن اور برنس روڈ سیکٹر میں افطار پارٹی کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔12 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم اصول پسند جماعت ہے اور سیاست میں افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کر کے ہمیشہ جمہوریت کو استحکام بخشتی رہی ہے ۔ یہ بات انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ رنچھولائن اور برنس روڈ سیکٹرز کے زیراہتمام افطار پارٹی کے علیحدہ علیحدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ اجتماعات سے تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارا کین اور صدر ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد دلاور نے بھی خطاب کیا ۔ افطار پارٹی کے اجتماعات میں حق پرست ارکان قومی خوش بخت شجاعت ارکان صوبائی اسمبلی شعیب ابراہم ، طاہر قریشی ، مقیم عالم ، حق پرست ٹاؤن ناظمین ، نائب ناظمین ، یوسی ناظمین ، نائب یوسی ناظمین ، کونسلرز ، ایم کیوایم کے ذمہ داران کارکنان اور علاقے کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف جناح پور کے نقشے کی برآمدگی کے اصل حقائق ملک بھر کے عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکے ہیں اور ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ جھوٹے الزامات عائد کر کے ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی تا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام ملک بھر کے عوام میں نہ پھیل سکے ۔ انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ سے خوف زدہ ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں ایم کیوایم کیخلاف نت نئی سازشیں کی جاتی رہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم احترام انسانیت پر یقین رکھتی ہے اور ملک میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا فروغ چاہتی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے تحریک کو جلا بخشی ہے اور ایم کیوایم کی تمام تر کامیابیاں حق پرست شہداء کے مقدس لہو کا صدقہ ہیں ۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سالانہ امدادی پروگرام کل بروز اتوار شام 4 بجے ہوگا

## امدادی پروگرام سے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔12 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سالانہ امدادی پروگرام کل بروز اتوار شام 4 بجے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا بلاک 14 نزد تعلیمی باغ میں ہوگا ۔ سالانہ امدادی پروگرام کی تقریب سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہر سال رمضان المبارک کے آخری عشرے میں سالانہ امدادی پروگرام منعقد کر کے ہزاروں مستحق بیواؤں ، یتیموں ، ناداروں اور غریب طلباء میں بلا امتیاو تفریق کروڑوں روپے مالیت کی امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کی جائے گی ۔

## چینی کی ذخیرہ اندوزی میں مسلم لیگ ( ن ) کے رہنماء ملوث، حق پرست اراکین اسمبلی

کراچی۔۔۔12 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی عبدالمعید خان ، مقیم عالم اور عامر معین پیرزادہ نے گجرانوالہ میں چینی کی ذخیرہ اندوزی کرنے میں مسلم لیگ ( ن ) کے رہنماء کے ملوث ہونے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ ( ن ) کا عوام دشمن چہرہ بے نقاب ہو چکا ہے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گجرانولہ میں پولیس کی جانب سے چینی کی ذخیرہ اندوزی کیخلاف چھاپہ مارا ، چھاپے میں 2600 چینی کی بوریوں کا برآمد ہونا اور مسلم لیگ ( ن ) کے رکن پنجاب اسمبلی شیخ امتیاز کے بہنوئی کا موقع سے فرار ہونا اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ مسلم لیگ ( ن ) کے اراکین چینی کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث ہیں ۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ مسلم لیگ ( ن ) کے اراکین اسمبلی کبھی کریڈٹ کارڈ کی چوری میں ملوث پائے جاتے ہیں ، کبھی کسٹم کے عملے کے ساتھ بدمعاشی کرتے ہیں اور کبھی کالج پرنسپل اور اسٹاف کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسلم لیگ ( ن ) کے ارکان عوام کی خدمت کے بجائے غنڈہ گردیاں کر رہے ہیں ۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مسلم لیگ ( ن ) کے رکن پنجاب اسمبلی شیخ امتیاز اور ان کے بہنوئی کیخلاف چینی کی ذخیرہ اندوزی کا مقدمہ درج کیا جائے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والے عناصر کیخلاف قانونی کاروائی کی جائے

## فوٹوگرافر شکیل عادل کے والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔12/ ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بین الاقوامی خبر رساں ایجنسی اے پی کے سینئر فوٹو گرافر شکیل عادل کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ شکیل عادل اوران کے سوگوارلواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ کی مغفرت فرمائے اورسوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔

## کندھ کوٹ میں شر پسندی کا واقعہ مذہبی رواداری کیخلاف سازش ہے، ہرگن داس

کراچی۔۔۔12/ستمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن صوبائی اسمبلی ہرگن داس آہوجانے کندھکوٹ کے سنار کی بازار میں واقع گرونانک دربار میں مذہبی کتب کی بے حرمتی، ہنگامہ آرائی اور شرپسندی کے واقعہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے گرونانک دربار میں شرپسندعناصر کی جانب ہنگامہ آرائی اور مذہبی کتب کی بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کا واقعہ صوبہ سندھ میں مذہبی رواداری کی فضاء کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے اور سندھ کے عوام کو اتحاد کا مظاہرہ کرکے اس سازش کو ناکام بنانا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں۔دریں اثناء ہرگن داس نے گرونانک دربار میں جاکر ہندوبرادری کے رہنماؤں سے ملاقات کی اور شرپسندی کے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کی اوران سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔علاوہ ازیں ہرگن داس نے کندھ کوٹ کے ڈی سی او سے بھی ملاقات کی اوران سے مطالبہ کیا کہ شرپسندعناصر کوجلد سے جلد گرفتار کرکے قرارواقع سزادی جائے۔

☆☆☆☆☆